| سبقی منصوبہ بندی:1 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 2 پہلا دن | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: ہمارا وطن پاکستان

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پاکستان کے چاروں صوبوں اور وفاقی علاقوں کی ثقافت کی عکاسی کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں طلبہ سے صوبہ پنجاب اور صوبہ سندھ کے دیسی کھانوں اور روایتی لباس کے بارے میں پوچھیں۔ انھیں بتائیں کہ ہر صوبے کی اپنی پہچان ہوتی ہے جو اس کی ثقافت کہلاتی ہے آج ہم صوبہ بلوچستان کی ثقافت کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 5 تا 6 سے صوبہ بلوچستان کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- تختہ تحریر پر چسپاں پاکستانی نقشے پر طلبہ کو صوبہ بلوچستان کی نشان دہی کروائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ کون سا ہے؟ انھیں بتائیں صوبہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ اور یہ صوبہ خشک میوہ جات کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔
- طلبہ کو زیارت کے بارے میں بتائیں کہ یہ بلوچستان کا مشہور تاریخی اور سیاحتی مقام ہے تاہم قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ ریزیڈنسی زیارت کی مشہور تاریخی جگہ ہے۔ انھیں بلوچستان کے مشہور کھانوں، روایتی لباس اور مشہور رقص کے بارے میں بھی آگاہ کریں۔
- طلبہ کو بتائیں بلوچستان کا صوبائی دارالحکومت 'کوئٹہ' ہے اور یہاں کے لوگ بلوچی کے علاوہ پشتو زبان بھی بولتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| گھیر دار | گھیر دار | ڈھیلا ڈھالا، کشادہ |
| میوہ جات | مے۔وہ۔جات | میوہ جیسے سیب، کشمش بادام وغیرہ کی جمع |
| وسائل | وَ۔سَا۔ئِل | وسیلہ کی جمع۔اسباب |
| مالامال | مالا۔مال | بہت۔کثیر |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے صوبہ بلوچستان کے روایتی لباس اور کھانوں کے متعلق بات چیت کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ صوبہ پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے روایتی کھانوں کی فہرست بنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| سبق: ہمارا وطن پاکستان | مضمون: واقفیتِ عامہ | نام: ____________ |
| --- | --- | --- |

**سوال 1: درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔**

ا۔ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ کون سا ہے؟

____________________

____________________

۲۔ قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ ریزیڈنسی کہاں واقع ہے؟

____________________

____________________

۳۔ بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کا نام لکھیں۔

____________________

____________________

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 2 دوسرا دن | اُستاد کا نام:_____ |

سبق کا نام: ہمارا پیارا وطن

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پاکستان کے چاروں صوبوں اور وفاقی علاقوں کی ثقافت کی عکاسی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں طلبہ سے صوبہ پنجاب، صوبہ سندھ اور صوبہ بلوچستان کے خاص کھانوں، روایتی لباس وغیرہ کے بارے میں پوچھیں۔ انھیں بتائیں آج ہم صوبہ خیبر پختون خوا کی ثقافت کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 5 سے صوبہ خیبر پختون خوا کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر چسپاں پاکستانی نقشے سے طلبہ کو صوبہ خیبر پختون خوا کی نشان دہی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں صوبہ خیبر پختون خوا رقبے کے لحاظ سے سب سے چھوٹا صوبہ ہے۔ اس کا دارالحکومت پشاور ہے۔
- انھیں بتائیں اس صوبے کے لوگ پشتو، فارسی اور ہندکو زبانیں بولتے ہیں۔ یہاں کھانے میں گوشت کا استعمال بکثرت کیا جاتا ہے۔ یہاں کے کھانوں میں دنبہ کڑاہی، کابلی پلاؤ اور پینے میں سبز قہوہ مشہور ہیں۔
- طلبہ کو صوبہ خیبر پختون خوا کے خوبصورت سیاحتی علاقے سوات، کالام اور مالم جبہ کے تصویری فلیش کارڈز دکھائیں۔
- انھیں بتائیں یہ علاقے سیاحتی اعتبار سے بہت اہمیت کے حامل ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| رقبہ | رَق۔بہ | گھری ہوئی زمین۔احاطہ |
| اعتبار | اِع۔تے۔بار | یقین |
| کثرت | کث۔رَت | زیادتی |
| شاداب | شا۔داب | سرسبز |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات پوچھیں۔درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

صوبہ خیبر پختون خوا کے بارے میں چند جملے اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:__________** | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: ہمارا پیارا وطن** |

**سوال1:** **معلومات لکھیں۔**

| صوبہ خیبر پختون خوا | |
|---|---|
| دارالحکومت | |
| زبانیں | |
| روایتی کھانے | |
| مشہور رقص | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 تیسرا دن | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: ہمارا پیارا وطن

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پاکستان کے چاروں صوبوں اور وفاقی علاقوں کی ثقافت کی عکاسی کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے چاروں صوبوں کے دارالحکومتوں اور رہن سہن کے بارے میں سوالات کریں۔ انھیں بتائیں آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان وفاقِ پاکستان کے زیرِ انتظام علاقے ہیں آج ہم ان علاقوں کی ثقافت کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آزاد جموں و کشمیر کا دارالحکومت مظفر آباد ہے۔ یہ علاقہ آبشاروں، جھیلوں اور خوب صورت وادیوں کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ یہاں پر پہاڑی، ہندکو، گوجری اور کشمیری زبانیں بولی جاتی ہیں۔
- انھیں گلگت بلتستان کے بارے میں بتائیں۔
- تختہ تحریر پر گلگت بلتستان میں بولی جانے والی زبانیں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بلتی | شینا | بروشسکی | کھوار |

- طلبہ سے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے کھانوں کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں بتائیں گلگت بلتستان پاکستان کے شمال میں واقع ہے اور ''راکاپوشی'' اس علاقے کی اہم چوٹی ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| وفاق | وِ۔فاق | مرکزی حکومت |
| وادی | وا۔دی | دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین |
| چوٹی | چوٹی | پہاڑ کا سب سے اونچا حصّہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق سوال نمبر 2 طلبہ سے کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

پاکستان کے مختلف علاقوں کی ثقافت کی تصاویر اکٹھی کر کے البم بنائیں اور اپنے ساتھیوں کو دکھائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ___________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: ہمارا پیارا وطن |
| --- | --- | --- |

**سوال 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

ا۔ __________ وفاقِ پاکستان کے زیرِ انتظام علاقہ ہے۔

(الف) کوئٹہ (ب) کراچی (ج) گلگت بلتستان

۲۔ آزاد جموں و کشمیر کا دارالحکومت ہے:

(الف) مظفر آباد (ب) مظفر گڑھ (ج) کالام

۳۔ ہندکو اور گوجری زبانیں بولی جاتی ہیں:

(الف) گلگت بلتستان میں (ب) آزاد جموں و کشمیر میں (ج) خیبر پختون خوا میں

۴۔ گلگت بلتستان پاکستان کے __________ میں واقع ہے۔

(الف) جنوب (ب) مشرق (ج) شمال

۵۔ آزاد جموں و کشمیر کا علاقہ دنیا بھر میں مشہور ہے:

(الف) خُوب صورت وادیوں کی وجہ سے (ب) مزے دار کھانوں کی وجہ سے

(ج) خُوب صورت گھروں کی وجہ سے